روزنامہ دنیا اسلام آباد

قائم مقام چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کا مردان کچہری کا دورہ مقدمات جلد نمٹانے کی ہدایت

مردان (نمائندہ دنیا) پشاور ہائی کورٹ کے قائم مقام چیف جسٹس سید عتیق شاہ نے ضلعی عدلیہ مردان کا دورہ کیا۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مردان نے چالان مینجمنٹ سسٹم، ای پورٹل اور سی ایف ایم آئی کے آپریشنلائزیشن کے علاوہ مقدمات کے تصرف سے متعلق آگاہ کیا، قائم مقام چیف جسٹس سے ضلعی عدلیہ مردان کے ججز صاحبان نے مختصر ملاقات کی۔ جسٹس سید عتیق شاہ نے ججز کو ہدایت کی کہ مقدمات کے ترجیحی بنیاد پر جلد سے جلد فیصلہ کیے جائیں تاکہ لوگوں کو جلد انصاف فراہم ہو۔ انہوں نے عدالتی افسران کو انصاف کی فراہمی میں فعال کردار ادا کرنے کی ہدایت کی۔

پشاور ہائیکورٹ